NYC
Charter Revision Commission

میٹنگ کا نوٹس
شہر کی سطح پر عوامی معلوماتی سیشن

اوقات اور مقامات:

بروز منگل، جون 9، 2026، بوقت 5:00 شام – 8:00 شام
New York Law School
185 West Broadway
New York, NY 10013

بروز بدھ، جون 10، 2026، بوقت 5:00 شام – 8:00 شام
Fordham University
McShane Campus Center
441 East Fordham Road
Bronx, NY 10458

بروز جمعرات، جون 11، 2026، بوقت 5:00 شام – 8:00 شام
Brooklyn Law School
250 Joralemon Street
Brooklyn, NY 11201

بروز پیر، جون 22، 2026، بوقت 5:00 شام – 8:00 شام
NYC Department of Design and Construction
1st Floor Multipurpose Room
30-30 Thomson Avenue (enter on 30th Place)
Queens, NY 11101

بروز منگل، جون 23، 2026، بوقت 5:00 شام – 8:00 شام
Staten Island University Hospital North
(enter via the Dr. Regina McGinn Education Center)
475 Seaview Avenue
Staten Island, NY 10305

ورچوئل لوکیشن: زووم میٹنگ کا لنک ویب سائٹ پر ملاحظہ کریں: www.nyc.gov/charter

عوامی معلوماتی سیشن کا نوٹس

نیو یارک سٹی کمیشن آن گورنمنٹ ایفیشنسی ("COGE") کی طرف سے نیویارک سٹی کے چارٹر میں مجوزہ تبدیلیوں پر تبادلہ خیال کرنے کے لیے پانچوں حلقوں میں عوامی معلوماتی سیشن کا انعقاد کیا جائے گا۔ COGE کو یہ اختیار دیا

گیا ہے کہ وہ 3 نومبر 2026 کے عام انتخابات، یا قانون کے مطابق کسی دیگر طے شدہ انتخابی تاریخ میں ووٹرز کے سامنے پیش کرنے کے لیے چارٹر میں کی جانے والی تبدیلیوں کو زیر غور لائے۔

یہ عوامی معلوماتی سیشن کس سلسلے میں ہیں؟

چارٹر سے شہری حکومت کا ڈھانچہ فراہم ہوتاہے اور شہر کے منتخب اہلکاروں اور ایجنسیوں کے کلیدی اختیارات طے ہوتے ہیں۔ پورے چارٹر کا جائزہ لینے کے بعد، COGE تبدیلیوں کی سفارش کر سکتا ہے جن کا مقصد شہری حکومت کو زیادہ موثر طریقے سے کام کرنے اور نیو یارک کے تمام باشندوں کی بہتر خدمت کرنے میں مدد کرنا ہے۔

عوام کو ماہرین کی آراء سننے، شہری حکومت کے لیے اہمیت کے حامل کسی بھی امر کے سلسلے میں گواہی دینے اور چارٹر میں تبدیلیاں تجویز کرنے کے لیے مدعو کیا جاتا ہے۔ آپ کو ہماری ویب سائٹ پر نیو یارک سٹی کمیشن آن گورنمینٹ ایفیشنسی کے بارے میں مزید معلومات مل سکتی ہیں: www.nyc.gov/charter.

کون لوگ رائے دے سکتے ہیں؟

یہ میٹنگیں عوام کی شرکت کے لیے ہوتی ہیں، اور ان میں عوام کو COGE کے اراکین کے سامنے اپنی رائے دینے کا موقع ملے گا۔ عوام میں سے کوئی بھی فرد سٹی چارٹر کو بہتر بنانے کے لیے تین (3) منٹ تک اپنے خیالات پیش کر سکتا ہے۔ COGE ذاتی طور پر میٹنگ میں شرکت کرنے والے اور زووم میٹنگ کے ذریعے شرکت کرنے والے لوگوں کے خیالات سنے گا۔ COGE زووم کے ذریعے شرکت کرنے والے لوگوں کی رائے سننے سے پہلے شخصی طور پر شرکت کرنے والے لوگوں کے خیالات کو سنے گا۔ اپنے خیالات پیش کرنے کے خواہاں گروپ، تنظیم یا ادارہ اپنا ایک نامزد نمائندے کا انتخاب کرے گا۔ پانچوں حلقوں میں سے کسی بھی حلقہ کے نیو یارک کے باشندے اپنے خیالات دے سکتے ہیں۔ COGE اس سماعتی اجلاس میں اپنی بات بولنے کے لیے سائن اپ کرنے والے ہر فرد کو موقع دینے کی کوشش کرے گا، لیکن اگر وقت تمام لوگوں کے خیالات سننے کی اجازت نہ دے، تو عوام کو گواہی دینے کے دیگر مواقع سے استفادہ کرنے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے، بشمول بعد میں ہونے والی COGE کے عوامی معلوماتی سیشن میں خیالات پیش کرکے یا تحریری شکل میں CharterTestimony@citycharter.nyc.gov پر اپنے خیالات ارسال کرکے۔

میں تحریری شکل میں اپنے خیالات کیسے پیش کروں؟

عوام کسی سماعتی اجلاس میں براہ راست معلومات پیش کرنے کے بجائے یا اس میں اپنے خیالات پیش کرنے کے علاوہ CharterTestimony@citycharter.nyc.gov پر تحریری شکل میں خیالات جمع کرا سکتے ہیں۔

سماعت کے اجلاس کب اور کہاں منعقد ہوتے ہیں؟

مندرجہ ذیل تاریخوں، اوقات اور مقامات پر ہونے والے اجلاسوں میں عوام کی شرکت کے لیے دروازے کھلے ہیں، اور ہر معلوماتی سیشن تک www.nyc.gov/charter پر پوسٹ کیے گئے زووم کے لنک کے ذریعے ورچوئل رسائی حاصل کی جا سکتی ہے:

بروز منگل، جون 9، 2026، بوقت 5:00 شام – 8:00 شام
New York Law School
185 West Broadway
New York, NY 10013

بروز بدھ، جون 10، 2026، بوقت 5:00 شام – 8:00 شام

Fordham University
McShane Campus Center
441 East Fordham Road
Bronx, NY 10458

بروز جمعرات، جون 11، 2026، بوقت 5:00 شام – 8:00 شام
Brooklyn Law School
250 Joralemon Street
Brooklyn, NY 11201

بروز پیر، جون 22، 2026، بوقت 5:00 شام – 8:00 شام
NYC Department of Design and Construction
1st Floor Multipurpose Room
30-30 Thomson Avenue (enter on 30th Place)
Queens, NY 11101

بروز منگل، جون 23، 2026، بوقت 5:00 شام – 8:00 شام
Staten Island University Hospital North
(enter via the Dr. Regina McGinn Education Center)
475 Seaview Avenue
Staten Island, NY 10305

عوام www.nyc.gov/charter پر پوسٹ کردہ زووم لنک کے ذریعہ میٹنگ میں بیک وقت شامل ہو سکتے ہیں۔

اگر مجھے میٹنگ کا مشاہدہ کرنے یا اپنے خیالات پیش کرنے کے لیے مدد درکار ہو تو کیا کرنا ہوگا؟

امریکی اشارے کی زبان (ASL) اور ہسپانوی مترجم آن لائن اور میٹنگ کے مقام پر دستیاب ہوں گے۔ براہ کرم CharterInfo@citycharter.nyc.gov پر ای میل بھیج کر یا 212-788-0014 پر کال کرکے اور وائس پیغام دے کر زبان کی ترجمانی اور/یا رسائی کی دیگر درخواستیں اس میٹنگ کے آغاز کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے کریں جس میں آپ شرکت کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ تمام درخواستوں کو ممکنہ حد تک احاطہ کیا جائے گا۔